# آپ نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں کیسے سرمایہ کاری کر سکتے ہیں؟

1۔ غیر مقیم پاکستانی اپنے روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ کے ذریعے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ یہ اکاؤنٹ آن لائن کھولا جا سکتا ہے جس کے لیے اکاؤنٹ کھولنے والے کی موجودگی ضروری نہیں اور پاکستان میں کسی بینک برانچ یا کسی سفارتخانے یا قونصل خانے میں جانے کی ضرورت نہیں۔ یہ اکاؤنٹ پاکستانی روپے یا غیر ملکی کرنسی یا دونوں میں کھولا جا سکتا ہے۔

2۔ مقیم پاکستانی جن کے بیرون ملک اثاثے ایف بی آر کے پاس ڈکلیئرڈ ہوں ڈالر میں نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے وہ پاکستان میں کسی بینک برانچ میں جا کر غیر ملکی کرنسی میں روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔

3۔ اپنی پسند کے بینک میں روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کے بعد آپ معمول کے بینکنگ چینلز کے ذریعے پاکستان کے باہر سے رقوم منتقل کریں گے۔

4۔ اپنے اکاؤنٹ میں موجود رقم کو استعمال کر کے آپ نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔

5۔ اپنے بینک کے آن لائن پورٹل کے ذریعے آپ برقی طور پر سرٹیفکیٹ کو سبسکرائب کر سکتے ہیں۔

6۔ آپ کو کرنسی (پاکستانی روپیہ، امریکی ڈالر، برطانوی پاؤنڈ یا یورو)، میعاد (تین ماہ، چھ ماہ، ایک سال، تین سال اور پانچ سال)، روایتی یا شریعت سے ہم آہنگ شکل اور سرمایہ کاری کے طور پر لگائی جانے والی رقوم کا انتخاب کرنا ہوگا۔

7۔ پاکستانی روپے میں نیا پاکستان سرٹیفکیٹس آپ اپنے پاکستانی روپے میں کھولے گئے روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ میں موجود رقم سے خرید سکتے ہیں۔

8۔ امریکی ڈالر، برطانوی پاؤنڈ یا یورو میں نیا پاکستان سرٹیفکیٹس آپ اپنے غیر ملکی کرنسی میں کھولے گئے روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ میں موجود رقم سے خرید سکتے ہیں۔ اگر آپ کا روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کی کرنسی کے علاوہ کسی اور غیر ملکی کرنسی میں ہے تو آپ کا بینک اس ایکسچینج ریٹ کا اطلاق کر کے جو ٹرانزیکشن کے وقت ہوگا آپ کے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کر دے گا۔

## آپ ان بینکوں میں سے کسی میں بھی روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ کھول کر نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں

Allied Bank · Dubai Islamic Bank · faysalbank · HBL · MCB · standard chartered · Bank Alfalah · BOP · HabibMetro · Meezan Bank · Bank AL Habib · samba bank · UBL

آپ نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کے بارے میں تبصروں اور سوالات کے لیے اس ای میل پر اسٹیٹ بینک سے رابطہ کر سکتے ہیں: RDASupport@sbp.org.pk

نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے براہ کرم وزٹ کیجیے :
https://www.sbp.org.pk/NPC/index.html

اور روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے براہ کرم وزٹ کیجیے :
https://www.sbp.org.pk/RDA/index.html


بینک دولت پاکستان
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان
یو اے این: 111-727-111


Updated till 30-01-2023

ROSHAN DIGITAL ACCOUNT
دور رہ کر بھی پاس
An Initiative of State Bank of Pakistan

# NAYA PAKISTAN CERTIFICATES

بہترین منافع • بہترین مستقبل

سرمایہ کاری کا ایک پُرکشش موقع
جو صرف روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ
کے ذریعے دستیاب ہے

## نیا پاکستان سرٹیفکیٹس

نیا پاکستان سرٹیفکیٹس (NPCs) امریکی ڈالر، پاکستانی روپے، یورو اور برطانوی پاؤنڈ میں حکومت پاکستان کے جاری کردہ ریاستی (sovereign) تمسکات ہیں۔ نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر مختلف میعادوں کے لیے خطرے سے مطابقت کے ساتھ پُرکشش منافع کی پیشکش کی جاتی ہے۔ یہ سرٹیفکیٹس روایتی اور شریعت سے ہم آہنگ دونوں شکلوں میں دستیاب ہیں اور ان کا انتظام اسٹیٹ بینک آف پاکستان کرتا ہے۔

## نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں کون سرمایہ کاری کرسکتا ہے؟

نیا پاکستان سرٹیفکیٹس مندرجہ ذیل کے لیے دستیاب ہیں:

- غیر مقیم پاکستانی
- مقیم پاکستانی جن کے بیرون ملک اثاثے ڈکلیئرڈ ہوں

## نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کی خصوصیات

یہ سرٹیفکیٹس درج ذیل پُرکشش شرح منافع پیش کرتے ہیں :

سالانہ شرح منافع (فیصد)

| | تین ماہی | چھ ماہی | بارہ ماہی | تین سالہ | پانچ سالہ |
|---|---|---|---|---|---|
| امریکی ڈالر | 7.00 | 7.20 | 7.50 | 8.00 | 8.00 |
| برطانوی پاؤنڈ | 5.50 | 6.00 | 7.00 | 7.50 | 7.50 |
| یورو | 4.00 | 4.50 | 5.00 | 6.50 | 6.50 |
| پاکستانی روپیہ | 15.00 | 15.25 | 15.50 | 14.00 | 13.50 |

نوٹ: اسلامی نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کے لیے منافع کی حقیقی شرحوں کا تخمینہ متعلقہ مہینے کے حقیقی مالی اعداد و شمار کی بنیاد پر مضاربہ کے اسلامی اصولوں کے مطابق لگایا جائے گا۔

### مختلف میعادیں
تین، چھ اور بارہ ماہ، تین اور پانچ سال
قبل از وقت انکیشمنٹ کرائی جاسکتی ہے

### سادہ ٹیکس
غیر مقیم پاکستانیوں کیلئے کوئی ٹیکس فائلنگ نہیں
منافع پر صرف 10 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس

### شریعت سے ہم آہنگ
روایتی اور شریعت سے ہم آہنگ دونوں
سرٹیفکیٹس دستیاب ہیں

### مکمل طور پر قابل منتقلی
بیرون ملک رقوم بھیجنے کے لیے کسی منظوری کی
ضرورت نہیں

## اسلامک نیا پاکستان سرٹیفکیٹس
### (شریعت سے ہم آہنگ شکل)

- اسلامک نیا پاکستان سرٹیفکیٹس مضاربہ کی بنیاد پر ہیں جس میں سرمایہ کار ایک مضاربہ پول میں رقم لگاتا ہے جسے وفاقی حکومت کو شریعت سے ہم آہنگ فنانسنگ فراہم کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔
- سرمایہ کاری کی آمدنی اس پول سے کمائے گئے منافع سے ہوتی ہے۔
- اس کام کے لیے وفاقی حکومت نے خصوصی مقصد کی حامل اسلامک نیا پاکستان سرٹیفکیٹ کمپنی لمیٹڈ (آئی این پی سی سی ایل) قائم کی ہے، جو مکمل طور پر اس کی اپنی ملکیت میں ہے۔
- یہ کمپنی اپنے بورڈ کے مینڈیٹ کی بنیاد پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں قائم کی گئی ہے اور اس کا انتظام بھی اسٹیٹ بینک کے پاس ہے۔
- چونکہ اسلامک نیا پاکستان سرٹیفکیٹس ڈالر، برطانوی پاؤنڈ، یورو اور پاکستانی روپے میں دستیاب ہیں اس لیے کمپنی متعلقہ کرنسیوں یعنی، ڈالر، برطانوی پاؤنڈ، یورو اور پاکستانی روپے کے لیے الگ الگ مضاربہ پولز رکھتی ہے۔